عمومی دائرہ کار کا معاہدہ ہوا۔ اس معاہدے پر ۱۴ دسمبر کو پیرس میں دستخط ہوئے۔ مضمون میں ان سنگین رکاوٹوں کو زیر بحث لایا گیا ہے، جو ابھی تک ایک پائدار آئینی تصفیے اور قانون کی حکمرانی قائم کرنے کی راہ میں حائل ہیں اور جو مضمون نگار کی رائے میں آئین میں انسانی حقوق کی شقوں پر عمل درآمد کے لیے ضروری ہیں۔

Zoran Pajic, "A Critical Appraisal of Human Rights Provisions of the Dayton Constitution of Bosnia and Herzegovina", *Human Rights Quartery*,20(1998),PP.125-138

اسلام کی پراسراریت کے ازالے کی کوشش

جب سے سرد جنگ کا خاتمہ ہوا ہے۔ اسلام اس وقت سے پوری دنیا میں بحث کا موضوع ہے اور اسے امریکہ اور یورپ کے لیے ایک نیا، ابھرتا ہوا خطرہ تصور کیا جاتا ہے۔ ''ورلڈ اینڈ آئی'' کے زیر نظر شمارے میں اسلام کے بارے میں مغرب میں پائے جانے والے شکوک و شبہات کے ''ازالے'' کے سلسلے میں خصوصی مضامین شائع ہوئے ہیں۔ بالخصوص اسلام کے بارے میں یہ تاثر کہ یہ عدم رواداری کا مذہب ہے، خواتین پر ظلم و جبر روا رکھتا ہے اور یہ کہ اس کے پیروکار انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں کرتے ہیں، جیسے پہلوؤں کو ان میں زیر بحث لایا گیا ہے۔

Antony T. Sullivan, "Taking the Mystery out of Islam", *The World & I*(Sept.1997), pp.22--25

اسلام کیا ہے؟

مضمون میں اسلام، اس کے تاریخی پس منظر، پیغمبر اسلام کی شخصیت، اسلامی عقائد اور قوانین کے تفصیلی تعارف کے بعد بتایا گیا ہے کہ جب تک ایک عام آدمی کے ساتھ روا رکھی جانے والی موجودہ ناانصافیوں کا ازالہ نہیں کیا جاتا، دیگر ابراہیمی مذاہب کی طرح اسلام مسلم دنیا میں سماجی اور سیاسی بے انصافیوں کے خلاف قوت متحرکہ کا کام دیتا رہے گا۔

Abdulaziz Sachedina, "What is Islam", *Ibid*, pp.26-37